آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز اتوار یکم مارچ 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 12

اسرائیل اور امریکا کا ایران پر مشترکہ حملہ ایران کا بھی جوابی حملہ

ایران میں حملے کے بعد اسرائیل میں اسکول بند اور شہریوں کو گھروں میں رہنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہیں' ایران کے بوشہر پر بھی اسرائیلی اور امریکی حملوں کی خبریں ہیں جبکہ حملوں کے بعد ایرانی نیوی ہائی الرٹ کر دی گئی

امریکی افواج نے ایران کیخلاف وسیع آپریشن ایپک فیوری کا آغاز کر دیا ہے' ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران دہائیوں سے امریکی مردہ باد کے نعرے لگا تا رہا اور خطے میں امریکی مفادات پر حملے کا ذمہ دار بھی ایران ہے' صدر ڈونلڈ ٹرمپ

ایران نے بحرین، قطر، کویت اور متحدہ عرب امارات میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا' امریکی اسرائیلی حملوں کے جواب میں ایک طاقتور ترین حملے کی تیاری کی جا رہی ہے' اسرائیل نے ایسا راستہ اختیار کیا ہے جس کا انجام اس کے ہاتھ میں نہیں' ایرانی عہدیدار

سعودی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران کی جانب سے بحرین، کویت، متحدہ عرب امارات، قطر اور اردن پر ایرانی حملے افسوسناک ہیں ایران نے خلیجی ممالک پر حملہ کر کے ان کی خودمختاری پر حملہ کیا ہے

اسرائیل اور امریکا نے ایران کے دارالحکومت تہران میں فضائی حملہ کر دیا ہے جس کے بعد ہنگامی سائرن بجا دیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیر دفاع نے کہا ہے کہ اسرائیل اور امریکا نے ایران پر مشترکہ حملہ کیا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

دنیا گواہ ہے: پاکستان نے اپنی دفاعی صلاحیت کا مظاہرہ اعتماد اور درستگی کے ساتھ کیا

وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ بھارتی حکومت اور اس کے پروپیگنڈے سے چلنے والی میڈیا مشینری پاکستان اور افغانستان کے بارے میں من گھڑت کہانیوں سے دنیا کو گمراہ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعظم کا سعودی ولی عہد سے ٹیلیفونک رابطہ

ایران پر اسرائیلی حملے سے کشیدگی اور بعض خلیجی ممالک پر حملوں کی شدید مذمت

پاکستان ہر حال میں، ہر وقت اور ہر مشکل گھڑی میں اپنے سعودی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا رہے گا' پاکستان تعمیری اور مثبت کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے رابطہ کیا اور مشرق وسطی میں پیدا ہونے والی صورت حال پر افسوسناک کا اظہار کیا۔ شہباز شریف نے آج شام سعودی عرب کے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسسٹنٹ کمشنر سٹی خلیل احمد کا ذخیرہ اندوز مافیا کیخلاف بڑا کریک ڈاؤن

کارروائی کے دوران شہر کے پانچ بڑے کولڈ اسٹوریجز کو سیل کر دیا گیا

بہاول پور (پ ر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کی روشنی میں صوبہ بھر میں ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ بہاول پور میں ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایران پر اسرائیلی حملوں میں ایرانی وزیر دفاع اور سربراہ ایرانی پاسداران انقلاب شہید ہو گئے کا دعویٰ

برطانوی خبر ایجنسی کے مطابق یہ بات اسرائیلی فوجی کارروائیوں سے باخبر دو ذرائع اور ایک علاقائی ذریعے نے بتائی ہے تاہم باضابطہ تصدیق ابھی تک سامنے نہیں آئی

ایرانی پاسداران انقلاب نے خطے میں موجود کئی امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے، جن میں بحرین میں تعینات امریکی بحریہ کا ففتھ فلیٹ بھی شامل ہے

ایران پر اسرائیل کے حملے میں ایرانی وزیر دفاع اور ایرانی پاسداران انقلاب کے سربراہ کی شہادت کا دعویٰ سامنے آیا ہے۔ برطانوی خبر ایجنسی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ اسرائیلی حملوں میں ایرانی وزیر دفاع امیر نصیر زادہ اور

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بھارت کی سرپرستی میں سرگرم عناصر خطے کا امن سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

تاہم افواجِ پاکستان دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں' اقبال چنڑ

بہاول پور (پ ر) ممبر قومی اسمبلی ملک محمد اقبال چنڑ نے افغان رجیم طالبان کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ افواجِ پاکستان نے بروقت اور مؤثر کارروائی کر کے دشمن کو واضح

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آپریشن غضب للحق کے دوران 331 افغان طالبان ہلاک 104 چوکیاں تباہ 22 پر قبضہ

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے ایکس پر پوسٹ میں بتایا کہ اس آپریشن کے دوران افغان طالبان کی 104 چیک پوسٹیں تباہ جبکہ 22 قبضے میں لی گئیں، پاکستانی فورسز نے افغان طالبان کے 163 ٹینک اور فوجی گاڑیاں تباہ کیں اور افغانستان میں 37 مقامات کو فضائی حملوں کا نشانہ بنایا گیا

پاکستان کو افغانستان کے خلاف اعلان جنگ کرنے کی ضرورت نہیں، یہ جنگ نہیں ہے، تاہم سرحد پار کارروائیاں اس وقت تک جاری رہیں گی جب تک افغان طالبان اور دہشتگرد گروہوں کے درمیان تعلق ختم نہیں ہو جاتا' ترجمان وزیر اعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ آپریشن غضب للحق میں اب تک 331 افغان طالبان اہلکار ہلاک جبکہ 500 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے آج صبح ایکس پر پوسٹ میں بتایا کہ اس آپریشن کے دوران افغان طالبان کی 104 چیک پوسٹیں تباہ جبکہ 22 قبضے میں لی گئیں۔ عطا تارڑ نے مزید بتایا کہ پاکستانی فورسز نے افغان طالبان کے 163 ٹینک اور فوجی گاڑیاں تباہ کیں اور افغانستان میں 37 مقامات کو فضائی حملوں کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ دہشتگردوں اور افغان طالبان حکومت کے درمیان گٹھ جوڑ اب روز روشن کی طرح واضح ہو چکا ہے اور پاکستان اس معاملے پر بارہا عالمی برادری کو آگاہ کر چکا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان میں ہونے والے خودکش اور دیگر دہشتگرد حملوں میں

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہائیکورٹ بار انتخابات، ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا سکیورٹی ڈیوٹی کا دورہ

ڈی پی او نے موقع پر تعینات افسران وجوانوں سے ملاقات کی

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کے سلسلے میں سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کے سلسلہ میں سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب سکیورٹی ڈیوٹی کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق ہائی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کی ایران کے مشرق وسطیٰ میں مختلف ممالک پر حملوں کی مذمت

سعودی عرب، بحرین، اردن، کویت، قطر اور امارات کے خلاف ایرانی حملوں کی مذمت کرتے ہیں، پاکستان تمام برادر ممالک کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتا ہے' ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے ایران کی جانب سے مشرق وسطیٰ میں مختلف ممالک پر حملوں کی مذمت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مشرق وسطیٰ میں مذاکرات ناکام ہونے اور کشیدگی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسرائیل اور امریکا کا ایران پر حملہ، پاکستانی فضائی حدود کی کڑی نگرانی کی ہدایت

ایئر ٹریفک کنٹرولرز کو ایران افغانستان ریجن اور حدود کی نگرانی کی بھی ہدایت جاری کر دی گئی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسرائیل اور امریکا کے ایران پر حملے کے بعد غیر معمولی صورتحال کے پیش نظر پاکستان ایئر ٹریفک کنٹرولرز کو ملکی حدود کی کڑی نگرانی کی ہدایت کر دی گئی۔ ایئر ٹریفک کنٹرولرز کو ایران افغانستان ریجن اور حدود کی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ابوظہبی میں پاکستانی شہری میزائل کے ٹکڑے لگنے سے جاں بحق

عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق مرنے والے پاکستانی شخص کی ابھی تک شناخت ظاہر نہیں کی گئی' پاکستانی سفارتی حکام نے پاکستانی شہری کے مارے جانیکی تصدیق کر دی

ابوظہبی (مانیٹرنگ ڈیسک) یو اے ای کے علاقے ابوظہبی میں پاکستانی شہری میزائل کے ٹکڑے لگنے سے جاں بحق ہو گیا۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق مرنے والے پاکستانی شخص کی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پشاور، بنوں اور ہنگو میں پولیس اسٹیشن وچوکی پر دہشت گرد حملے

پشاور (سی ایم لنکس) پشاور میں پولیس اسٹیشن اور چوکی پر دستی بم حملے کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکاروں سمیت 8 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چوہدری شجاعت حسین سے سینٹر سردار احمد خان لغاری کی ملاقات

آپریشن غضب للحق کی کامیابی پر پاک فوج کو خراج تحسین۔

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان مسلم لیگ کے صدر چوہدری شجاعت حسین سے سینٹر سردار احمد خان لغاری اور ایم پی اے سردار منصور لغاری نے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات کے دوران پاکستان کی مجموعی سیاسی اور امن عامہ کی صورتحال پر بات چیت

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مخدوم سید عامر علی شاہ کا افغان طالبان رجیم کیخلاف کامیاب آپریشن

پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بھارت کی سرپرستی میں سرگرم عناصر خطہ کا امن خراب کی کوشش کر رہے ہیں

مگر افواج پاکستان پوری طرح چوکس اور ہمہ وقت تیار ہیں' رکن پنجاب اسمبلی

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) ممبر صوبائی اسمبلی سید عامر علی شاہ نے افغان رجیم طالبان کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ افواجِ پاکستان نے بروقت اور مؤثر کارروائی کر

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستانی شہریوں کو ایران کے غیر ضروری سفر سے گریز کی ہدایت

پاکستانی شہری اپنی حفاظت کی خاطر ایران کے غیر ضروری سفر کر نیسے گریز کریں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) دفتر خارجہ نے پاکستانی شہریوں کو ایران کے غیر ضروری سفر سے گریز کی ہدایت کر دی۔ ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ پاکستانی شہری اپنی حفاظت کی خاطر ایران کے غیر ضروری سفر کر نیسے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی ہدایت پر ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کیخلاف کارروائی کی جا رہی ہے

ہائیکورٹ بار کے الیکشن بہاولپور تاریخ میں پہلی بار ثمینہ قریشی خاتون صدر، ثاقب طارق جنرل سیکرٹری منتخب

منتخب عہدیداران کے حامی وکلا نے زبردست انداز میں جیت کا جشن منایا، گل پاشی آتش بازی بھی کی گئی

بہاول پور (ملک طارق) ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن بہاولپور کے سالانہ الیکشن 2026-27 مکمل ہو گئے حتمی نتائج کے مطابق عہدہ صدارت کے لئے امیدوار محترمہ ثمینہ قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ 1815 ووٹ حاصل کر کے بہاولپور کی تاریخ کی پہلی خاتون صدر منتخب جبکہ حریف امیدوار محمد یاسین اٹال ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے 793 ووٹ لے سکے اس طرح جنرل سیکریٹری کے عہدہ پر ثاقب طارق 1460 ووٹ حاصل کر کے جنرل سیکرٹری جبکہ ان کے مدمقابل امیدوار جام شکیب نے 1146 ووٹ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر طویل عرصے تک صبر وتحمل کا مظاہرہ کرتا رہا

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ افغان طالبان کی جانب سے پاکستانی سرحدوں پر کی جانے والی اشتعال انگیزی، جارحیت اور دہشت گردی کی کارروائیوں پر افواجِ پاکستان کی بروقت، موثر اور فیصلہ کن جوابی کارروائی قابلِ تحسین ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے ہفتہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جماعت اہلسنت اوچ شریف کا صدر الحاج غلام یاسین سومرو کی زیرِ صدارت اہم تنظیمی اجلاس

اجلاس میں مشاورت کے بعد یوتھ ونگ، جماعت اہلسنت کی باڈی کو حتمی شکل دیدی گئی، عہدیداران کا اعلان باقاعدہ نوٹیفکیشن کے ذریعہ کیا جائیگا

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) جماعت اہلِ سنت اوچ شریف کے زیر اہتمام تنظیمی استحکام اور نوجوانوں کی شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے ایک اہم اور بامقصد اجلاس منعقد ہوا، جس میں تنظیمی ڈھانچے کی ازسرِ نو ترتیب اور یوتھ ونگ کی باقاعدہ تشکیل کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس کو شہر کی دینی وسماجی سرگرمیوں کے تناظر میں نہایت اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ اجلاس کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف میں جماعت اہل سنت کا اہم تنظیمی اجلاس' یوتھ ونگ کی باقاعدہ تشکیل مکمل' نومنتخب عہدیداران کے نام جلد جاری کرنے کا فیصلہ۔

بھارت سے پاکستان کی جیت ہضم نہیں ہو رہی' خواجہ سلمان رفیق

ہمیں اپنے ملک کیلئے بڑی محنت سے کام کرنا ہے' صوبائی وزیر صحت

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں پرائم منسٹرز یوتھ لیپ سکیم کی تحت طلبہ میں لیپ ٹاپس تقسیم کرنے کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے 259 ہونہار طلبہ میں لیپ ٹاپس تقسیم کئے گئے۔ تقریب میں کوآرڈینیٹر پرائم منسٹر یوتھ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لودھراں: ڈپٹی کمشنر محمد اشرف انسداد ڈینگی ریویو اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پاکستان کی خودمختاری، قومی وقار اور سرحدی سلامتی پر کوئی آنچ برداشت نہیں کی جائیگی

وفاقی وزیر پیر سید عمران احمد شاہ

چیچہ وطنی (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے تخفیفِ غربت وسماجی تحفظ پیر سید عمران احمد شاہ نے افغانستان کی جانب سے پاکستان کی سرحدی حدود کی خلاف ورزی کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے اندھیرے کی آڑ میں کی گئی کارروائی کو کھلی جارحیت اور خطے کے امن کے لیے خطرہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے دشمن کو فوری اور مؤثر جواب دینے پر مسلح افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری، قومی وقار اور

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

انڈونیشیا کے صدر نے امریکا اور ایران کے درمیان ثالثی کی پیشکش کر دی

جکارتہ (سی ایم لنکس) انڈونیشیا کے صدر نے امریکا اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے کے لیے ثالثی کی باقاعدہ پیشکش کر دی ہے۔ انڈونیشین وزارت خارجہ کی جانب سے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کی قربانیوں کا صلہ دشمن کی سہولت کاری کی صورت میں ملنا کسی صورت قبول نہیں

وزیر دفاع نے افغان قیادت کو وہ وقت یاد دلایا ہے جب پاکستان نے نہ صرف ان کی جنگوں کا بوجھ اٹھایا

بلکہ دہائیوں تک ان کی میزبانی بھی کی، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ پاکستان کی قربانیوں کا صلہ دشمن کی سہولت کاری کی صورت میں ملنا کسی صورت قبول نہیں۔ وزیر دفاع نے افغان قیادت کو وہ وقت یاد دلایا ہے جب پاکستان نے نہ صرف ان

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کا ایئر اسپیس مکمل طور پر دستیاب اور محفوظ ہے، پی اے اے

پی اے اے کے مطابق ایرانی ایئر اسپیس دستیاب نہیں ہے

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی نے کہا ہے کہ ملکی ایئر اسپیس مکمل طور پر دستیاب اور محفوظ ہے۔ اس وقت علاقائی سکیورٹی صورت حال جس طرح کشیدہ ہو چکی ہے، اس میں پاکستان ایئر اسپیس میں ٹریفک پر ممکنہ اثرات کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایران کو یورینیم افزودگی کی اجازت نہیں دی جائے گی: ڈونلڈ ٹرمپ

جنیوا میں واشنگٹن اور تہران کے درمیان مذاکرات کے تیسرے دور کے ایک روز بعد صحافیوں سے گفتگو

ریاض (سی ایم لنکس) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ایران کو 20 فیصد تک بھی یورینیم افزودگی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جنیوا میں واشنگٹن اور تہران کے درمیان مذاکرات کے تیسرے دور کے ایک روز بعد

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

متحدہ عرب امارات کی ایئر لائنز نے ایران اور اسرائیل کے لیے پروازیں منسوخ کر دیں

دبئی (سی ایم لنکس) متحدہ عرب امارات کی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کی سکیورٹی ڈیوٹی چیک کرنے کے بعد وکلاء برادری سے ملاقات کر رہے ہیں

امریکہ، اسرائیل کا ایران پر حملہ کھلی دہشت گردی، خطہ جنگ کی لپیٹ میں دھکیلا جا رہا ہے

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کا مل کر ایران پر حملہ کھلی دہشت گردی بہادر اس جارحیت کے ذریعے پورے مشرق وسطیٰ کو جنگ میں جھونکا جا رہا ہے۔ سماجی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہمارا صوبہ دہشت گردوں کے لیئے جہنم ہے' وزیر داخلہ سندھ

سیف سٹی منصوبے کے تحت کراچی میں ڈرون سرویلنس کا آغاز جلد ہوگا

کراچی (سی ایم لنکس) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار کی زیر صدارت ریاست کو مضبوط بنانے، انسداد دہشت گردی کمیٹی کی فعالیت بڑھانے اور صوبے میں مجموعی امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لودھراں: پرائس مجسٹریٹس پھلوں اور سبزیوں کی نیلامی عمل کا معائنہ کر رہے ہیں۔

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد.....ہمارا معیار

نشاط آؤٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلوکلب
مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی
زارا | نائیک | پولو
فورکڈز | بیس | بینگو
کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے
پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی
ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی
بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT]

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل و ڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

کرنا بند کرے، پاک فوج کے نقصانات اور طیاروں کے خیالی واقعات کے بارے میں جھوٹے دعوے پھیلانے سے زمینی حقائق نہیں بدلیں گے۔سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر ہفتہ کو اپنی ایک پوسٹ میں وفاقی وزیر نے کہا کہ دنیا کے سامنے حقیقت واضح ہے اور دنیا گواہ ہے: پاکستان نے اپنی دفاعی صلاحیت کا مظاہرہ اعتماد اور درستگی کے ساتھ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں جب کشیدگی بڑھی تو رافیل جیٹ طیاروں سمیت بھارتی طیارے ہی تھے جن کو بے اثر اور بین الاقوامی برادری کے سامنے بے نقاب کیا گیا، یہ حکایتیں نہیں ہیں بلکہ ایسے واقعات ہیں جنہیں عالمی سطح پر ریکارڈ اور تسلیم کیا جاتا ہے۔ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پروپیگنڈہ کرنے کے بجائے بھارت کو اپنے اعمال پر غور کرنا چاہیے۔ پاکستان کی مسلح افواج نے سرحد پار سے سرگرم بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف بھرپور عزم کے ساتھ کارروائی کی ہے۔ ٹارگٹڈ آپریشنز نے ان عناصر کو ایک ایک کر کے ختم کیا ہے اور دنیا نے اس کے نتائج دیکھے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میڈیا پر جھوٹی کہانیاں گھڑ کے حقائق کو نہیں بدلا جا سکتا، جھوٹے بیانیے ملکی سیاست کو تو فائدہ پہنچا سکتے ہیں لیکن بین الاقوامی برادری کو ہمیشہ کے لیے دھوکہ نہیں دے سکتے۔وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے اپنی پوسٹ کے آخر میں کہا کہ پاکستان مضبوط، چوکس اور اپنی خودمختاری کا دفاع کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پروپیگنڈہ ختم ہو جائے گا، حق غالب آئے گا۔

بقیہ نمبر 02

ہے۔ حملے میں امریکی فضائیہ نے حصہ لیا۔ حملے کے بعد تہران میں 3 شدید دھماکوں کی آوازیں سنی گئی۔ایران کے بوشہر پر بھی اسرائیلی اور امریکی حملوں کی خبریں ہیں جبکہ حملوں کے بعد ایرانی نیوی ہائی الرٹ کردی گئی ہے۔علاوہ ازیں تقریبا 20 امریکی اور اسرائیلی فائٹر جیٹس شامی علاقے دارا کے اوپر پرواز کرتے ہوئے ایران کی جانب جارہے ہیں۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ہنگامی بیان میں کہا گیا کہ امریکی افواج نے ایران کیخلاف وسیع آپریشن ایپک فیوری کا آغاز کردیا ہے۔ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران دہائیوں سے امریکی مردہ باد کے نعرے لگاتا رہا اور خطے میں امریکی مفادات پر حملے کا ذمہ دار بھی ایران ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم ایران کی بحریہ کو مکمل تباہ کرنے جارہے ہیں۔ اس آپریشن میں امریکی فوجیوں کی جانیں بھی جاسکتی ہیں۔ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل کرنے نہیں دیں گے اور ایرانی میزائل پروگرام مٹادیں گے۔ٹرمپ کا مزید کہنا تھا کہ پاسداران انقلاب اگر ہتھیار ڈال دے تو مکمل استثنی ملے گا۔اگر ایسا نہ کیا تو یقینی موت کا سامنا ہوگا۔ایران برسوں سے امریکی اہداف پر حملے کرتا رہا۔ امریکی کسی انتہا پسند حکومت کو پروان نہیں چڑھنے دے گا۔اسرائیلی دفاعی اہلکار کا کہنا ہے کہ اس حملوں کی منصوبہ بندی مہینوں پہلے سے جاری تھی اور تاریخ کا بھی فیصلہ ہفتوں پہلے کیا گیا۔ یہ حملے امریکا کے ساتھ مل کر کیے گئے ہیں۔ یہ حملے پیشگی حملے ہیں جس کا مقصد ایران کی طرف سے فوری خطرے کو کم کیا جاسکے۔چار روز تک شدید اور مربوط حملے کیے جائیں گے جس کے بعد تہران کی صورتحال تبدیل ہوجائیگی۔روسی میڈیا نے بھی دعوی کیا ہے کہ یہ فضائی حملہ اسرائیل کی جانب سے کیا گیا ہے جس میں کئی فوجی کمانڈر مارے گئے ہیں۔ حملے میں انٹیلی جنس ہیڈکوارٹر کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ یونیورسٹی اسٹریٹ اور جمہوری ایریا میں کئی میزائل گرائے گئے۔ اس کے علاوہ قوم، خرام آباد، اصفہان میں بھی حملے کیے گئے۔ دیگر رپورٹس کے مہرآباد ایئرپورٹ کو بھی نشانہ بنانے کی اطلاعات ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای ابھی تہران میں نہیں ہیں اور انہیں محفوظ مقام پر منتقل کردیا گیا ہے۔ جبکہ ایران نے اپنی فضائی حدود بند کردی ہے اور عراق نے بھی ایئرٹریفک معطل کردی ہے۔اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ یہ حملوں کی پہلی لہر ہے جبکہ دوسری لہر متوقع ہے۔ حملوں میں کئی اہم اہداف کو نشانہ بنایا گیا۔اہداف میں وزیر اطلاعات اور ایوان صدر بھی شامل ہیں۔ اسرائیل نے بھی اپنی فضائی حدود بند کردی ہیں۔ مزید برآں حملوں میں ایرانی صدر کو بھی نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی۔ایران میں حملے کے بعد اسرائیل میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے جس کے تحت اسکول بند اور شہریوں کو محفوظ مقامات میں رہنے کی ہدایت جاری کردی گئی ہیں۔دوسری جانب ایرانی عہدیدار کا کہنا ہے کہ امریکی اسرائیلی حملوں کے جواب میں ایک طاقتور ترین حملے کی تیاری کی جارہی ہے۔اسرائیل نے ایسا راستہ اختیار کیا ہے جس کا انجام اس کے ہاتھ میں نہیں۔ایران کی جانب سے مختلف عرب ممالک میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنیا جارہا ہے۔ایران نے بحرین، قطر، کویت اور متحدہ عرب امارات میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا۔عرب میڈیا کے مطابق ایران نے یواے ای میں الدفرا ایئربیس، بحرین میں بحری ایئربیس کو نشانہ بنانےکی تصدیق کی ہے۔یواے ای کی سرکاری خبرایجنسی کے مطابق ایرانی میزائل حملے میں ایک شخص ہلاک ہوا جبکہ یو اے ای نے متعدد ایرانی میزائلوں کو روک دیا۔متحدہ عرب امارات کا کہنا ہے کہ یہ حملہ قومی خودمختاری اور بین الاقوامی قانون کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، متحدہ عرب امارات اس جارحیت کا جواب دینے کا مکمل حق محفوظ رکھتا ہے۔اس کے علاوہ سعودی عرب کے شہر ریاض میں بھی دھماکے سنے گئے۔ دبئی کے علاقے ماریتا میں بھی دھماکا سنا گیا۔سعودی عرب نے خلیجی ریاستوں پر ایرانی حملوں کی مذمت کردی ایران مشرق وسطی کے ممالک کی خودمختاری کی خلاف ورزی کررہا ہے جس کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔سعودی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران کی جانب سے بحرین، کویت، متحدہ عرب امارات، قطر اور اردن پر ایرانی حملے افسوسناک ہیں ایران نے خلیجی ممالک پر حملہ کرکے ان کی خودمختاری پر حملہ کیا ہے ایران نے خلیجی ممالک پر حملہ کرکے بین الاقوامی قوانین کی بھی خلاف ورزی کی ہے اور سعودی عرب عرب ریاستوں کے ساتھ کھڑا ہے۔سعودی وزارت خارجہ نے عالمی برادری سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایرانی حملوں کی مذمت کرے اور خطے کے امن اور سلامتی کو خطرے میں ڈالنے پر ایران خلاف ورزیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ضروری اقدامات کرے

بقیہ نمبر 03

سی فیل احمد نے ذخیرہ اندوز مافیا کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کرتے ہوئے سیب کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزی اور بغیر دستاویزی سپلائی میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کردیں۔کارروائی کے دوران شہر کے پانچ بڑے کولڈ اسٹور سیجز کو سیل کردیا گیا۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق کولڈ اسٹور سیجز میں سیب کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کی جارہی تھی اور متعلقہ ریکارڈ بھی پیش نہ کیا جا سکا۔ ضلعی انتظامیہ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لیے ایسے عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔ضلعی انتظامیہ نے خبردار کیا ہے کہ آئندہ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر نگہبان رمضان سہولت بازاروں میں اشیائے خوردونوش مقررہ نرخوں سے بھی کم قیمت پر فراہم کی جارہی ہیں۔ معیاری اشیاء، نمایاں ریٹ لسٹوں اور مسلسل مانیٹرنگ کے ذریعے شہریوں کو حقیقی ریلیف دیا جارہا ہے تاکہ رمضان المبارک کے دوران مہنگائی کے اثرات کو کم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 04

ولی عہد اور وزیراعظم، عزت مآب شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور آج اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی سنگین علاقائی کشیدگی اور بعد ازاں بعض خلیجی ممالک پر ہونے والے افسوسناک حملوں کی شدید مذمت کی۔انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات خطے کے امن واستحکام کے لیے انتہائی خطرناک ہیں اور صورتحال کو مزید بگاڑ سکتے ہیں، موجودہ صورتحال میں سعودی قیادت کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی اور بھرپور حمایت کا یقین دلاتے ہیں، پاکستان ہر حال میں، ہر وقت اور ہر مشکل گھڑی میں اپنے سعودی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا رہے گا۔وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان سعودی عرب کی خود مختاری، سلامتی اور علاقائی سلامتی کے تحفظ کے لیے اپنی ثابت قدم حمایت جاری رکھے گا۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان اس نازک مرحلے پر تعمیری اور مثبت کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے، انہوں نے دعا کی کہ ماہ مقدس رمضان المبارک کی برکتوں کے طفیل خطے میں جلد از جلد امن، استحکام اور ہم آہنگی قائم ہو۔

بقیہ نمبر 05

ایرانی پاسداران انقلاب کے سربراہ محمد پاکپور شہید ہوگئے ہیں۔ برطانوی خبرایجنسی کے مطابق یہ بات اسرائیلی فوجی کارروائیوں سے باخبر دو ذرائع اور ایک علاقائی ذریعے نے بتائی ہے۔تاہم اس حوالے سے باضابطہ تصدیق ابھی تک سامنے نہیں آئی ہے۔خیال رہےکہ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملے کیے گئے ہیں جن میں کئی ایرانی پاسداران انقلاب گارڈز کے سینئر کمانڈرز اور سیاسی حکام جاں بحق ہوئے ہیں۔ایران نے بھی جوابی کارروائی کی ہے اور امریکا اور اسرائیل کے خلاف جوابی کارروائی کو "آپریشن وعدہ صادق '4' کا نام دیا ہے۔ایرانی پاسدران انقلاب نے اعلان کیا ہےکہ اس نے خطے میں موجود کئی امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے، جن میں بحرین میں تعینات امریکی بحریہ کا ففتھ فلیٹ بھی شامل ہے۔ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب کا کہناہےکہ اس نے بحرین، قطر اور متحدہ عرب امارات میں موجود امریکی اڈوں کے ساتھ ساتھ مقبوضہ فلسطینی علاقوں) اسرائیل(کے مرکز میں واقع اہم فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے۔ایرانی پاسداران انقلاب کا کہناہےکہ "آپریشن وعدہ صادق '4'امریکی فوج اور بچوں کے قاتل صیہونی حکومت کے خلاف کیا جارہاہے، جس کے تحت جارح دشمن کے علاقائی اہداف پر حملے کیے گئے ہیں۔ایرانی پاسدران انقلاب نے اس عزم کا اظہار کیا ہےکہ ایران کی مسلح افواج کی جانب سے میزائل اور ڈرون حملے جاری رہیں گے۔

بقیہ نمبر 06

پیغام دے دیا ہے کہ ملکی سرزمین کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارت کی سرپرستی میں سرگرم عناصر خطے کا امن سبوتاژ کرنے کی کوشش کررہے ہیں، تاہم افواج پاکستان دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ افغان طالبان کی جانب سے پاکستان پر کسی بھی حملے کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے اور پاکستان اپنی خودمختاری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ ملک محمد اقبال چنڑ نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں پائیدار امن کا خواہاں ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملکی دفاع، خودمختاری اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہرممکن اقدام اٹھاتا رہے گا اور دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 07

نے پولنگ اسٹیشنز کا دورہ کیا۔ڈی پی او نے موقع پر تعینات افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سیکیورٹی ڈیوٹی، داخلی وخارجی راستوں، واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز اور سی سی ٹی وی مانیٹرنگ کے انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا۔انہوں نے ہدایت کی کہ انتخابی عمل کے دوران امن وامان کی فضا کو ہر صورت برقرار رکھا جائے اور کسی بھی غیر متعلقہ فرد کو پولنگ اسٹیشن میں داخل ہونے کی اجازت نہ دی جائے۔ڈی پی او نے واضح کیا کہ وکلا برادری کو پرامن اور شفاف ماحول کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیح ہے۔اس موقع پر متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز بھی ہمراہ تھے۔رانا عبدالوہاب نے کہا کہ ہائی کورٹ کے انتخابات کے موقع پر فول پروف سکیورٹی پلان ترتیب دیا گیا ہے، جس کے تحت اضافی نفری تعینات کی گئی ہے جبکہ حساس مقامات پر خصوصی نگرانی جاری رہے گی۔انہوں نے ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو ہدایت کی کہ وہ خوش اخلاقی، مستعدی اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت الرٹ رہیں۔

بقیہ نمبر 08

بڑھنے پر افسوس ہے، پاکستان ایران کے خلاف بلا اشتعال حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے۔ حملے اس وقت ہوئے جب مذاکراتی حل تک پہنچنے کی سفارتی کوششیں جاری تھیں، یہ اقدامات خطے کے امن و استحکام کو نقصان پہنچائیں گے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق سعودی، بحرین، اردن، کویت، قطر اور امارات کے خلاف ایرانی حملوں کی مذمت کرتے ہیں، پاکستان تمام برادر ممالک کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔دفتر خارجہ کے مطابق بلا اشتعال حملے خلیجی ممالک کی خودمختاری کی خلاف ورزی ہیں، امارات میں پاکستانی شہری کے جاں بحق ہونے پر افسوس ہے۔ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان صبر وتحمل اختیار کرنے پر زور دیتا ہے، تمام فریقین سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ایسے مزید اقدامات سے گریز کریں۔دفتر خارجہ کے مطابق ایسے اقدامات نہ اٹھائے جائیں جس سے دیگر ممالک کی سلامتی کو نقصان پہنچے، ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جس سے دیگر ممالک کی علاقائی سلامتی کو نقصان پہنچے۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی پاسداری پر زور دیتے ہیں، فریقین سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ دوبارہ سفارت کاری شروع کریں۔دفتر خارجہ کے مطابق فریقین سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ بحران کا پرامن اور مذاکراتی حل تلاش کریں۔

بقیہ نمبر 09

افغان سرزمین استعمال ہورہی ہے، افغانستان ہر قسم کی پناہ اور سہولت کاری ان عناصر کو فراہم کررہا ہے جو پاکستان میں داخل ہوکر معصوم شہریوں، سکیورٹی اہلکاروں اور مسلح افواج کے افسران و جوانوں کو نشانہ بناتے ہیں۔اس سے قبل فوج کے شعبہ اطلاعات عامہ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے پریس کانفرنس کے دوران بتایا تھا کہ اس لڑائی کے دوران وطن کی خاطر اب تک 12 فوجی جوانوں نے اپنی جانیں نچھاور کی ہیں جبکہ 27 جوان زخمی ہیں۔خیال رہے کہ 27 فروری کی شب افغان طالبان رجیم کی جانب سے پاک افغان سرحد پر کئی مقامات پر حملہ کردیا گیا تھا جس کا پاکستان کی مسلح افواج نے بروقت مؤثر جواب دیا اور آپریشن غضب للحق کا آغاز کیا جوتا حال جاری ہے۔پاکستانی وزیراعظم کے ترجمان مشرف زیدی کا کہنا ہے کہ پاکستان کو افغانستان کے خلاف اعلان جنگ کرنے کی ضرورت نہیں، یہ جنگ نہیں ہے، تاہم سرحد پار کارروائیاں اس وقت تک جاری رہیں گی جب تک افغان طالبان اور دہشتگرد گروہوں کے درمیان تعلق ختم نہیں ہوجاتا۔آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن میں 297 خوارج ہلاک 450 زخمی ہوچکے ہیں، 89 پوسٹیں تباہ اور 18 پر قبضہ کرلیا گیا، 115 ٹینک اور بکتر بند گاڑیاں بھی تباہ کیں، دہشتگردوں کو چن چن کر مارا گیا، دشمن کے خلاف لڑتے ہوئے پاک فوج کے 12 جوان شہید ہوئے۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ فتنہ الہندوستان، فتنہ الخوارج کے 22 ٹھکانوں کونشانہ بنایا گیا۔ کیں اور افغانستان کے 37 مقامات کو فضائی حملوں کا نشانہ بنایا گیا۔دوسری طرف امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ پاکستان بہت ہی شاندار طریقے سے آگے بڑھ رہا ہے، پاکستان افغانستان کے ساتھ اچھا کررہا ہے میں مداخلت نہیں کروں گا۔ڈونلڈ ٹرمپ نے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی تعریف بھی کی، انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پاس عظیم وزیراعظم اور جنرل ہیں، عظیم قیادت ہے، یہ وہ 2 شخصیات ہیں جن کا میں واقعی بہت زیادہ احترام اور عزت کرتا ہوں۔ادھر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس اور یورپی یونین نے پاکستان اور افغانستان سے فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری طرف چین کے سفیر نے وزیراعظم شہبازشریف سے ملاقات کی ہے اور دہشت گردی کے خلاف اظہار یکجہتی کیا ہے۔روس، ایران، قطر، سعودی عرب اور ترکیہ کی جانب سے ثالثی کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 10

نگرانی کی بھی ہدایت جاری کردی گئی۔ذرائع نے کہا کہ پاکستانی ایئرلائنز کو ایرانی فضائی حدود استعمال نہ کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے ترجمان نے اپنے ایک جاری بیان میں کہا کہ علاقائی ایئراسپیس کی صورتحال کے باوجود پاکستان کا ایئراسپیس مکمل طور پر فعال اور محفوظ ہے، کراچی — پاکستان کا ایئر اسپیس تمام سول ایوی ایشن کے لیے مکمل طور پر دستیاب اور محفوظ ہے۔ایرانی حکام کی جانب سے جاری کردہ نوٹم A0715/26 کے مطابق آج تہران ایئر اسپیس سول طیاروں کے لیے پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق 1130 سے 1700 بجے تک بند ہے، جس کے دوران عام طور پر مشرق-مغربی ٹرانزٹ ٹریفک محدود رہتی ہے۔اگر ایرانی حکام اس نوٹم کو PKT1700 کے بعد بڑھاتے ہیں تو توقع ہے کہ پاکستانی ایئر اسپیس سے گزرنے والی اوورفلائٹ ٹریفک میں نمایاں اضافہ ہوگا، خصوصاً رات کے معمول کے اوقات میں، کیونکہ ایئر لائنز بند ایرانی ایئر اسپیس کے باعث اپنی لانگ ہال بین الاقوامی شیڈول فلائٹس ایڈجسٹ کریں گی۔ پاکستان کا ایئرٹریفک کنٹرول مکمل طور پر تیار ہے اور تمام آپریشنز معمول کے مطابق جاری ہیں۔اب تک کسی تاخیر، پابندی یا سیفٹی سے متعلق کوئی مسئلہ رپورٹ نہیں ہوا اور نہ ہی متوقع ہے۔پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی قومی و بین الاقوامی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ایوی ایشن سیفٹی اور سیکیورٹی کے اعلیٰ ترین معیار برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔یاد رہے کہ اسرائیل نے ایران کے دارالحکومت تہران میں فضائی حملہ کردیا ہے جس کے بعد ہنگامی سائرن بجادیے گئے ہیں، میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیردفاع نے کہا کہ اسرائیل اور امریکا نے ایران پر مشترکہ حملہ کیا ہے۔ حملے میں امریکی فضائیہ نے حصہ لیا۔ حملے کے بعد تہران میں شدید دھماکوں کی آوازیں سنی گئی۔

بقیہ نمبر 11

ہولی۔ ملاقات کیلئے آئے دونوں رہنماؤں نے چوہدری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کی۔ ملاقات کے دوران دہشت گردوں کے خلاف پاک فوج کے کامیاب آپریشن غضب للحق پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج نے دشمن کو اینٹ کا جواب پتھر سے دے کر ایک بار پھر قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔ پاک فوج کا دشمن کے خلاف آپریشن غضب للحق پر سچے پاکستانی کی آواز ہے قوم اپنی بہادر مسلح افواج کو کامیاب کاروائی پرسلام پیش کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے ملکی سلامتی پر حملہ آوروں کو ہمیشہ منہ توڑ جواب دیا ہے۔ پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے آپریشن غضب للحق کے ذریعے دشمن کو اسی کی زبان میں بھرپور جواب دیا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم متحد ہے اور اتحاد کی قوت سے دشمن کی ہر سازش کو خاک میں ملا دیں گے۔ چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ ہماری افواج اپنی جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت چوکس ہیں پوری قوم بہادر مسلح افواج کے ساتھ کھڑی تھی، کھڑی ہے اور کھڑی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا ہے اور ملکر ہی اسے پرامن، محفوظ اور معاشی طور پر مضبوط ملک بنانا ہے۔صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے پنجاب میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اٹھائے گئے اقدامات بارے بتایا۔

بقیہ نمبر 12

کے مطابق پہلا حملہ تھانہ بڈھ بیر پر ہوا جس میں ایک اہلکار زخمی ہوا جبکہ دوسرا حملہ تھانہ متنی سرہ خوارہ پولیس چوکی پر کیا گیا، سرہ خوارہ چوکی حملے میں ایک اہلکار سمیت 7 افراد زخمی ہوئے۔پولیس نے بتایا کہ چوکی میں جرگہ جاری تھا، پولیس کی جوابی فائرنگ سے ملزمان فرار ہوگئے۔پولیس کے مطابق حملوں میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو اسپتال منتقل کردیا گیا۔بنوں اور ہنگو میں پولیس چیک پوسٹوں پر فائرنگ اور حملے کیے گئے جنہیں پولیس نےجوابی کارروائی کر کے حملے پسپا کردیے، دہشت گرد فرار ہوگئے۔

بقیہ نمبر 13

ابھی تک شناخت ظاہر نہیں کی گئی۔دوسری جانب پاکستانی سفارتی حکام نے پاکستانی شہری کے مارے جانے کی تصدیق کردی، حکام کا کہنا تھا کہ پاکستانی شہری کے مارے جانے پر اماراتی حکام سے رابطے میں ہیں۔علاوہ ازیں متحدہ عرب امارات نے ایرانی حملوں میں ہلاک ہونے والے پاکستانی کیاہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کونشانہ بنانا قابل مذمت ہے۔

بقیہ نمبر 14

گریز کریں، ایران میں موجود پاکستانی انتہائی احتیاط برتیں، غیرضروری نقل وحرکت محدود کریں۔ترجمان کے مطابق پاکستانی شہری تہران، مشہد، زاہدان میں پاکستانی مشنز کیساتھ رابطےمیں ہیں، ہنگامی صورتحال میں مدد کے لیے سفارتخانہ تہران، قونصل خانوں کیرابطہ نمبرز جاری کردیے گئے۔۔اسرائل اور امریکا کے ایران پر حملے کے بعد غیرمعمولی صورتحال کے پیش نظر پاکستان ایئرٹریفک کنٹرولرز کو ملکی حدودی کی کڑی نگرانی کی ہدایت کردی گئی۔ایئرٹریفک کنٹرولرز کو ایران افغانستان ریجن اور حدود کی نگرانی کی بھی ہدایت جاری کردی گئی۔ذرائع نے کہا کہ پاکستانی ایئرلائنز کو ایرانی فضائی حدود استعمال نہ کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔یاد رہے کہ اسرائیل نے ایران کے دارالحکومت تہران میں فضائی حملہ کردیا ہے، جس کے بعد ہنگامی سائرن بجادیے گئے ہیں، میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیردفاع نے کہا کہ اسرائیل اور امریکا نے ایران پر مشترکہ حملہ کیا ہے۔ حملے میں امریکی فضائیہ نے حصہ لیا۔ حملے کے بعد تہران میں شدید دھماکوں کی آوازسنی گئی۔ایران میں موجودپاکستانی غیرمعمولی صورتحال میں فوری قریبی پاکستانی مشن کو مطلع کریں اور ان نمبر پر رابطہ کریں۔۔(تہران سفارتخانہ:+|982166941388 موبائل:|989906824496۔زاہدان|985433223889 موبائل:+989046145412 مشہد989107625302|989371807175(

بقیہ نمبر 15

کو جاری اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ افغان طالبان رجیم کی جانب سے کی گئی دہشت گردانہ کارروائیوں کے جواب میں پاک افواج نے انتہائی پیشہ ورانہ مہارت اور جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کی متعدد چوکیاں تباہ کیں اور کئی اہم چیک پوسٹوں پر پاکستانی جھنڈے بلند کیے۔انہوں نے کہا کہ دشمن کو وہی جواب دیا گیا جس کا وہ مستحق تھا اور یہ کارروائیاں پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سلیت کے دفاع کے عزم کا واضح اظہار ہیں۔ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر طویل عرصے تک صبر وتحمل کا مظاہرہ کرتا رہا، تاہم افغانستان کی سرزمین سے پاکستان میں در اندازیوں اور دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات کے باعث صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا۔ ایسے حالات میں قومی سلامتی کے تقاضوں کے مطابق موثر اور فیصلہ کن اقدام ناگزیر ہوگیا تھا۔انہوں نے واضح کیا کہ افواج پاکستان مہارت اور حکمت عملی کے ساتھ ہر جارحیت کا جواب دے رہی ہے تاکہ آئندہ کسی کو بھی پاکستان کی سرحدوں کی خلاف ورزی کی جرات نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال بھارت کی جانب سے بھی پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی تھی، تاہم افواج پاکستان نے غیر معمولی جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف ملک کا دفاع کیا بلکہ بھارتی افواج کو عالمی سطح پر شرمندگی کا سامنا کرنا پڑا۔ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان دنیا کی بہترین افواج میں شمار ہوتی ہیں، جو اپنے وطن اور عوام کے دفاع کا فریضہ بخوبی انجام دینا جانتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو اپنے بہادر جوانوں پر فخر ہے جو ملک کی بقا، سلیت اور دفاع کے لیے اپنی جانوں کی نذرانہ پیش کرنے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم اور ریاست کے تمام ادارے افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور دشمن کی ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے متحد اور تیار ہیں۔ پاکستان اپنے قومی مفادات، خودمختاری اور سرحدی تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا۔

بقیہ نمبر 16

پروگرام فہد شہباز، وائس چانسلر کے ای ایم یو پروفیسر محمود ایاز، سینئر فیکلٹی اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔پروفیسر محمد معین پرووائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی، پروفیسر اصغر نقی، پروفیسر ابراراشرف، پروفیسر تحریم فاطمہ، پروفیسر فائزہ بشیر، پروفیسر شعیب نبی، رضوان انور، اسفند یار ناصر ممبران وزیراعظم نیشنل یوتھ کونسل، ماہا جمیل خصوصی نمائندہ، وزیراعظم یوتھ پروگرام کی شرکت۔صوبائی وزیرصحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج اس تاریخی ادارے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں 'وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ سکیم' کی تقسیم کی تقریب میں شرکت کرنا میرے لئے بڑے اعزاز اور خوشی کی بات ہے۔اس قدیمی طبی درسگاہ نے ڈاکٹروں اور طبی ماہرین کی ایسی نسلیں پیدا کی ہیں جنہوں نے نہ صرف پنجاب بلکہ پورے پاکستان کی خدمت، لگن اور مہارت کے ساتھ کی ہے۔ہم وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے مشکور ہیں جن کی بصیرت افروز اقدام کے تحت ملک بھر کے طلباء کو لیپ ٹاپ فراہم کئے جا رہے ہیں۔2011 میں میاں شہباز شریف کی قیادت میں ڈینگی پر قابو پانے کیلئے کوشش کرنے کا موقع ملا۔صوبائی وزیرصحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ بھارت سے پاکستان کی جیت ہضم نہیں ہورہی۔ہمیں اپنے ملک کیلئے بڑی محنت سے کام کرنا ہے۔ہم سب کا فرض ہے کہ دشمن کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر قوم کے حق میں فیصلے کریں۔افغانیوں کو ہم نے پاکستان میں پناہ دی۔ہمیں متحد ہوکر پاکستان کو مضبوط کرنا ہے۔یہ پروگرام تعلیم اور نوجوانوں کی بااختیاری کے لئے ہمارے پختہ عزم کی عکاسی کرتا ہے، خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ آج کی اس ڈیجیٹل دنیا میں ٹیکنالوجی تک رسائی تعلیمی کامیابی کے لئے ناگزیر ہو چکی ہے۔یہ اقدام میرٹ اور شفافیت کو فروغ دینے، ڈیجیٹل تفریق کو ختم کرنے اور پاکستان کے مستقبل کے رہنماؤں پر سرمایہ کاری کے ہمارے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔حکومتِ پنجاب نے صحت کے شعبے میں بڑے اقدامات شروع کیے ہیں۔ان تاریخی پروگرامز میں بچوں کے دل کی سرجری، گردوں اور جگر کی پیوند کاری، بون میرو ٹرانسپلانٹ، کوکلیئر اور کارنیا ٹرانسپلانٹ، کینسر کا علاج، کارڈیک سرجری، فالج کا علاج اور بچوں و بڑوں کے لئے نیورولوجی سروسز شامل ہیں۔پنجاب بھر کے ہسپتالوں کواپ گریڈ کیا جا رہا ہے جہاں ڈائیلسز اور فالج کے علاج کی بہتر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔لاہور میں کینسر کا ایک جدید ہسپتال تعمیر کیا جارہا ہے جبکہ راولپنڈی اور بہاولپور میں بچوں کے نئے ہسپتال زیر تعمیر ہیں۔مختلف شہروں میں کارڈیک انسٹی ٹیوٹ کی توسیع کی جا رہی ہے اور مختلف علاقوں میں برن یونٹس (UnitsBurn) قائم کیے گئے ہیں۔وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ لاہور میں ایک جامع 'نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ' بھی تیار کیا جا رہا ہے، جس میں چلڈرن ہسپتال II، انسٹی ٹیوٹ آف پیڈیاٹرک اینڈ ایڈلٹ جینیٹک بلڈ ڈیزیز، انسٹی ٹیوٹ آف سپیشل آرتھوپیڈکس، میڈیکل ری ہیبلیٹیشن سینٹر اور نرسنگ ایجوکیشن کا سینٹر آف ایکسی لینس شامل ہیں۔حکومت پنجاب کا میوہسپتال لاہور کی بحالی (Revamping) کا منصوبہ، جس کی لاگت تقریباً چار (4) ارب روپے ہے۔اس منصوبے میں مختلف منزلوں کی جامع اپ گریڈیشن اور نئی تعمیرات شامل ہیں، اور حکومت نے ہسپتال کے واجب الادا بقایا جات بھی کلیئر کر دیے ہیں۔وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر گھڑی وارڈز اور اے وی ایچ (AVH) ڈیپارٹمنٹ کی طویل عرصے سے زیر التوا بحالی کا کام بھی جلد شروع کر دیا جائے گا تاکہ خدمات کے معیار اور آپریشنل کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 17

حاصل کیے۔سکیٹر نائب صدر کی سیٹ پر رانا محمد شیراز خالد 1331, جبکہ مرزا محمد ندیم آصف 1214 ووٹ ، جبکہ جوائنٹ سیکرٹری کے لئے سردار عبداللہ اقبال چنڑ 1298, ملک جاوید اقبال رڈ کو 1292 ووٹ ملے۔ چیئرمین الیکشن بورڈ ہائی کورٹ بارایسوسی ایشن شفیع محمد طارق و دیگر ممبران نے، انتخابی نتائج کا اعلان کیا اس موقع پر نو منتخب عہدیداران کے حامی وکلا نے زبردست انداز میں جیت کا جشن منایا، گل پاشی آتش بازی بھی کی گئی۔انہوں نے اپنی جیت کو وکلا کی جیت قرار دیتے ہوئے وکلا کیمونٹی کے لئے بہترین اقدامات ترجیح ہوگی۔اس موقع پر گروپ قائدین سردار محمود اقبال خاکوانی ، ندیم اقبال چوہدری صدر ہائی کورٹ بار، شریف بھٹی، چوہدری ریاض احمد ، سردار نجیب اللہ خان، ممبر پنجاب بار کونسل سید ذیشان حیدر، طاہر محمود چغتائی، شازیہ جبیں، جمیلہ ناز ، سید احمد منصور، فلک شیر ڈاہر، چوہدری نذیر احمد، منور حسین بخاری، اختر عباسی، حافظ احمد حسن، سہیل اختر خان سمیت دیگر بڑی تعداد میں وکلا کی مبارکباد و نیک خواہشات کا اظہار

بقیہ نمبر 18

کی جنگوں کا بوجھ اٹھایا بلکہ دہائیوں تک ان کی میزبانی بھی کی۔جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی رات ''ایکس'' پر اپنے پیغام میں وزیر دفاع نے حقانی صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ماضی کی جنگوں میں سوویت یونین کے خلاف پاکستان دل و جان کے ساتھ آپ کے ساتھ کھڑا تھا۔ آپ ہمارے مہمان رہے، ہم نے آپ کے خاندانوں کی دہائیوں تک مہمانداری کی۔ تب کے لاکھوں مہمانوں میں سے لاکھوں اب بھی پاک سرزمین پر پناہ گزین ہیں اور ہماری پاک مٹی سے رزق کماتے ہیں، آپ بھی بمعہ خاندان ہمارے مہمان رہے ہیں، سوویت یونین کے خلاف ہم نے مل کر جنگ لڑی، آپ کا اور ہمارا ایک ہی ہدف تھا۔انہوں نے کہا کہ اب آ جائیں 11/9 کے بعد کے حالات پر، ہم پر امریکا کا مستقل الزام رہا کہ ہم ''حقانی نیٹ ورک'' کے سہولت کار ہیں اور ان کی اعانت کرتے ہیں۔ہم سے آپ کا پتہ پوچھا جاتا تھا، کچھ یاد ہے آپ کو؟ ہم پر آپ کی سہولت کاری کا وہ الزام سچ تھا یا جھوٹ، یہ اب آپ ہی دنیا کو بتا دیں۔وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا کہ 1979 سے 11/9 تک بھی ہم آپ کی آپس کی لڑائیاں ختم کراتے رہے، ہم سب کو مکہ معظمہ لے جا کر صلح کرواتے رہے حالانکہ آپ سب ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے۔ہم نے آپ کے بزرگوں سے لے کر تین نسلوں کی مہمان نوازی کی ہے، لیکن صلہ کیا ملا؟ آپ ہمارے قاتلوں کو پناہ دے رہے ہیں اور معصوم بچوں کے خون سے ہولی کھیلنے والوں کو سینے سے لگا رہے ہیں۔ آپ ہمارے گلی محلوں کو خون سے رنگین کرنے والوں کے حلیف بن چکے ہیں، میں کابل گیا، آپ سے ملاقات ہوئی تھی، تب ایک ہی درخواست کی تھی کہ ہمارے دشمنوں کے حلیف نہ بنیں اور ان کی اعانت نہ کریں، آپ نے رقم مانگی، ہم وہ بھی دینے کو تیار تھے مگر اس کی کوئی ضمانت نہیں تھی۔انہوں نے کہا کہ جس نسبت سے آپ کو ''حقانی'' پکارا جاتا ہے، وہ بہت عظیم بزرگ تھے، کم از کم اس نام کی ہی لاج رکھ لیں، ہم آپ سے کچھ بھی نہیں مانگتے، آپ اپنے گھر راضی رہیں، ہم اپنے گھر راضی رہیں، ہمارے دشمن کو بے شک اپنے گھر بسائیں، لیکن ان کے ساتھ مل کر ہمارے خلاف دشمن کا کردار ادا نہ کریں، اپنی سرزمین ہمارے خلاف استعمال ہونے نہ دیں، ہماری روایت، ثقافت اور دین ہمیں یہی سکھاتا ہے کہ جس گھر میں پناہ لی ہو، اس کی خیر مانگتے ہیں

بقیہ نمبر 19

تناظر میں پی اے اے نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کا ایئر اسپیس مکمل طور پر دستیاب اور محفوظ ہے۔پی اے اے کے مطابق ایرانی ایئر اسپیس دستیاب نہیں ہے تاہم پاکستان میں اوورفلائٹ ٹریفک فی الحال معمول کے مطابق ہے، اور پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی رات کے اوقات میں ممکنہ ایئرٹریفک اضافے کے لیے تیار ہے۔پی اے اے کا کہنا ہے کہ ایرانی نوٹم کے مطابق تہران ایئر اسپیس صبح 30:11 سے شام PKT00:05 بجے تک بند ہے، ایرانی نوٹم میں توسیع کی صورت میں پاکستان ایئر اسپیس ٹریفک میں کچھ اضافہ متوقع ہے۔اتھارٹی کا کہنا ہے کہ تمام آپریشنز نارمل چل رہے ہیں اور سیفٹی اوّلین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 20

صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ نہیں چاہتے کہ ایران سویلین مقاصد کے لیے بھی کسی قسم کی یورینیم افزودگی کرے۔انہوں نے ریاست ٹیکساس کے ساحلی شہر کارپس کرسٹی میں ایک تقریب سے قبل مزید کہا کہ ایران اپنی دولت میں اضافہ کرنا چاہتا ہے لیکن اسے تیل کی اتنی بڑی مقدار کی ضرورت نہیں ہے۔انہوں نے تہران پر الزام عائد کیا کہ وہ اس معاملے میں زیادہ سنجیدگی دکھانے کا خواہش مند نہیں ہے اور ان کے بقول یہ انتہائی افسوسناک امر ہے۔ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ ہونے والے مذاکرات پر اپنے عدم اطمینان کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ میں کہتا ہوں کہ کوئی افزودگی نہیں ہوگی۔نہ 20 فیصد اور نہ ہی 30 فیصد۔وہ ہمیشہ 20 یا 30 فیصد کا مطالبہ کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ سویلین مقاصد کے لیے ہے لیکن آپ جانتے ہیں کہ یہ سویلین مقاصد کے لیے نہیں ہے۔انہوں نے بارہا دہرایا کہ وہ مذاکرات کی پیش رفت سے مطمئن نہیں ہیں۔تاہم اس کے باوجود انہوں نے واضح کیا کہ وہ پرامن طریقے سے معاملات چلانے کو ترجیح دیتے ہیں۔انہوں نے اشارہ دیا کہ ایک اہم فیصلہ کیا جانا باقی ہے جو کہ آسان نہیں ہے۔ڈونلڈ ٹرمپ کا یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب سلطنت عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے جمعہ کو اعلان کیا ہے کہ ایران افزودہ یورینیم اپنے پاس نہ رکھنے پر رضامند ہو گیا ہے۔انہوں نے ایک انٹرویو میں اس بات پر زور دیا کہ ایران کے ساتھ سفارتی حل کا کوئی متبادل نہیں ہے اور تہران اور واشنگٹن کے درمیان معاہدہ ممکن ہے۔یہ پیش رفت جمعرات کے روز جنیوا میں عمان کی ثالثی میں ایران اور امریکہ کے درمیان ہونے والے مذاکرات کے تیسرے دور کے بعد سامنے آئی ہے جسے جنگ سے بچنے کے آخری مواقع میں سے ایک قرار دیا گیا تھا۔گزشتہ روز مذاکرات کے دوران 5 مطالبات پیش کیے گئے تھے جن میں تین جوہری مقامات فردو، نطنز اور اصفہان کی تباہی کے ساتھ ساتھ افزودہ یورینیم کی تمام مقدار امریکہ کے حوالے کرنا شامل تھا۔اس کے علاوہ اس بات کی تاکید بھی کی گئی کہ یہ پابندیاں مستقل ہوں گی اور سنہ 2015ء میں ہونے والے جوہری معاہدے کے برعکس ان کی کوئی وقت کی حد نہیں ہوگی۔مطالبات میں افزودگی کو مکمل طور پر روکنا بھی شامل ہے جبکہ تہران ری ایکٹر کو برقرار رکھنے کی اجازت اور خیر سگالی کے طور پر آغاز میں پابندیوں میں محدود کمی کی پیش کش کی گئی تھی اور کہا گیا تھا کہ اگر ایران امریکی شرائط پر عمل کرتا ہے تو پابندیوں میں مزید نرمی کی جائے گی۔تاہم دونوں فریقین کے درمیان تین بڑے معاملات پر اختلافات برقرار ہیں۔پہلا یہ کہ کتنی فیصد افزودگی کی اجازت دی جائے گی، دوسرا 400 کلوگرام کے لگ بھگ موجود اعلیٰ افزودہ یورینیم کے ذخیرے کا مستقبل کیا ہوگا اور تیسرا یہ کہ امریکی حکام ایران کی جوہری سرگرمیوں کی سخت نگرانی کے لیے ایک موثر طریقہ کار وضع کرنے پر بضد ہیں۔دوسری جانب تہران نے اپنے اعلیٰ افزودہ یورینیم کے ذخیرے کے حوالے سے لچک دکھائی ہے اور آدھی مقدار ملک سے باہر بھیجنے کی تجویز پیش کی ہے بشرطیکہ بقیہ آدھی مقدار جوہری توانائی کی عالمی ایجنسی کی نگرانی میں رہے۔ایرانی وفد نے ملک کے اندر افزودگی کی شرح کم کرنے پر بھی لچک کا اظہار کیا ہے لیکن ساتھ ہی پرامن مقاصد کے لیے افزودگی کے اپنے حق پر قائم رہنے کا بھی اعادہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 21

ایئرلائنز نے ایران اور اسرائیل کے لیے پروازیں منسوخ کر دیں۔شعبوا کے مطابق خطے میں کشیدہ صورت حال کے باعث متحدہ عرب امارات کی ایئرلائنز نے ایران اور اسرائیل کے لیے اپنی کچھ پروازیں منسوخ کر دی ہیں۔متحدہ عرب امارات کے فضائی اڈوں کی ویب سائٹ اور حکومتی ذرائع کے مطابق فلائی دبئی کی پروازیں تہران، لار، مشہد اور تل ابیب کے لیے منسوخ کی گئی ہیں، جبکہ دیگر یو اے ای کیریئرز بھی شیڈول میں تبدیلی کرتے ہوئے پروازوں کو روٹ تبدیل کر رہے ہیں یا معطل کر رہے ہیں۔ایئر لائنز نے کہا ہے کہ یہ تبدیلیاں علاقے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی، عارضی فضائی حدود کی بندش اور مسافروں و عملے کی حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے کی گئی ہیں۔متاثرہ مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اپنی پروازوں کا سٹیٹس چیک کریں اور ایئر لائنز کے ساتھ رابطے میں رہیں۔یہ اقدام اسی پس منظر میں سامنے آیا ہے جب خطے میں بڑھتی ہوئی تناؤ اور فضائی حدود کی وقتی بندش کی وجہ سے متعدد ممالک اور ایئرلائنز نے اپنے شیڈولز میں تبدیلی کی ہے۔

بقیہ نمبر 22

صدارت صدر الحاج غلام یسین سومرو نے کی، جبکہ ناظم اعلیٰ چوہدری محمد فیاض سعیدی، ممبر مجلس شوری حافظ جمیل احمد خان لنگاہ، نائب صدر چوہدری محمد عمران سعیدی، جنرل سیکرٹری میاں آصف علی چشتی اور میڈیا ہیڈ محمد فیاض شبیر سعیدی بھی اس موقع پر موجود تھے۔قائدین نے اپنے خطابات میں اس امر پر زور دیا کہ موجودہ دور میں نوجوان نسل کو منظم، باکردار اور نظریاتی بنیادوں پر تیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ وہ دین وملت کی خدمت میں فعال کردار ادا کرسکیں۔تفصیلی مشاورت اور باہمی اتفاق رائے کے بعد یوتھ ونگ جماعت اہل سنت اوچ شریف کی تنظیم سازی مکمل کرلی گئی اور نئی باڈی کو حتمی شکل دے دی گئی۔شرکا اجلاس نے اس عزم کا اظہار کیا کہ یوتھ ونگ نہ صرف تنظیمی سرگرمیوں کو فعال بنائے گی بلکہ فلاحی، تعلیمی اور اصلاحی میدان میں بھی نمایاں کردار ادا کرے گی۔اجلاس میں حسن جمیل خان لنگاہ، رانا حیدر سلطان، چوہدری حنظلہ فیاض، چوہدری محمد صہیب طارق، عدنان خان شکرانی، چوہدری عدنان سراج، شاہ ذیب بشیر اعوان، رانا امجد مطلوب، مہران امین کورائی، محمد مزمل حبیب بھٹہ، حافظ ظفر فریدی، بشیر احمد سیال، خضر خان کورائی، منیب اطہر مغل، محمد رضوان عرف ابجو سمیت دیگر معززین نے شرکت کی اور تنظیمی استحکام کے حوالے سے قیمتی تجاویز پیش کیں۔اجلاس کے اختتام پر اعلان کیا گیا کہ نو منتخب عہدیداران کے نام جلد باضابطہ نوٹیفکیشن کے ذریعے جاری کیے جائیں گے۔مزید برآں، تمام یونین کونسلز اور ذیلی شعبہ جات کی تنظیم سازی کی تکمیل کے بعد ایک باوقار تقریب کا انعقاد کیا جائے گا جس میں نئی باڈی کی باضابطہ حلف برداری بھی عمل میں لائی جائے گی۔شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جماعت اہل سنت اوچ شریف کو ایک منظم، متحرک اور مثالی دینی وسماجی تنظیم کے طور پر فعال بنایا جائے گا، تاکہ شہر میں مثبت، تعمیری اور اصلاحی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے۔اجلاس کا اختتام ملکی سلامتی، اتحاد امت اور اوچ شریف کی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا پر ہوا۔

بقیہ نمبر 23

سرحدی سلامتی پر کوئی آنچ برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ریاست اپنی جغرافیائی سلیت کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھائے گی اور قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ متحد کھڑی ہے۔پیر سید عمران احمد شاہ نے کہا کہ ہم امن کے خواہاں ہیں، مگر جارحیت کا جواب پوری قوت اور عزم کے ساتھ دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 24

جاری کردہ بیان کے مطابق انڈونیشیا کے صدر جوکو ویدودو دونوں ممالک کے درمیان مفاہمت کے لیے ثالثی کا کردار ادا کرنے کو مکمل طور پر تیار ہیں۔وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکی اور ایرانی مذاکرات کی ناکامی کی وجہ سے خطے میں کشیدگی بڑھی ہے، جو کہ عالمی امن وسلامتی کے لیے ایک بڑا خطرہ ہے۔انڈونیشیا نے تمام فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں اور مسائل کے حل کے لیے جنگ کے بجائے سفارتی راستے اختیار کریں۔انڈونیشیا کی ترجمان وزارت خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ صدر انڈونیشیا امن کی خاطر ضرورت پڑنے پر تہران جا کر بھی ثالثی کرنے کے لیے تیار ہیں تاکہ فریقین کو مذاکرات کی میز پر لایا جاسکے۔صدر کی اس پیشکش کا بنیادی مقصد خطے میں سازگار حالات کو دوبارہ قائم کرنا اور کسی بھی بڑی جنگی صورتحال کو روکنا ہے۔

بقیہ نمبر 25

رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدہ تعلقات کا باقاعدہ جنگ کی طرف بڑھنا انتہائی تشویش ناک ہے۔ ہمسایہ اسلامی ممالک کے درمیان یہ صورتحال دونوں طرف کے عوام کے لیے نہایت تکلیف دہ ہے۔ ایران کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے مزید کہا کہ ایک مرتبہ پھر امریکہ نے مذاکرات کو دھوکے کے طور پر استعمال کیا اور ثابت کردیا کہ اس کی پالیسی جنگ، خونریزی اور تباہی کے سوا کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کا نام نہاد ''بورڈ آف پیس'' درحقیقت ''بورڈ آف وار'' ہے جو دنیا کو امن نہیں بلکہ مسلسل جنگ کی طرف دھکیل رہا ہے۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل نے اپنے شیطانی مقاصد کے حصول کے لیے پورے مشرق وسطیٰ کو شدید خطرے میں ڈال دیا ہے، جس کے نتائج انتہائی تباہ کن ثابت ہوں گے۔ انہوں نے مسلم حکمرانوں پر زور دیا کہ وہ خواب غفلت سے بیدار ہوں اور اپنی آنکھیں کھولیں، ورنہ تاریخ انہیں معاف نہیں کرے گی۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ گزشتہ 25 برسوں کے دوران امریکی سرپرستی میں کئی مستحکم مسلم ممالک کو جارحیت کا نشانہ بنایا گیا، جن میں عراق، افغانستان، لیبیا اور شام شامل ہیں، جہاں ریاستی ڈھانچے کو تباہ کر کے انتشار، خانہ جنگی اور بدامنی پھیلائی گئی۔ انہوں نے پاکستانی حکمرانوں کو بھی خبردار کرتے ہوئے کہا کہ یہ سبق ہمیشہ یاد رکھیں کہ امریکہ کسی کا دوست نہیں بلکہ وہ صرف اپنے مفادات کے لیے ممالک اور قوموں کو استعمال کرتا ہے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے مطالبہ کیا کہ پاکستان آزاد، خودمختار اور جرات مندانہ خارجہ پالیسی اپنائے اور امت مسلمہ کے مفادات کے تحفظ کے لیے واضح موقف اختیار کرے۔ پاک افغان صورتحال پر بات کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور دفاع 25 کروڑ پاکستانیوں کی ترجیح اول ہے۔ پاک افغان کشیدگی ایک ایسے وقت شدت اختیار کررہی ہے جب تل ابیب میں بھارت اور اسرائیل اکٹھے ہیں اور یہ اتحاد پورے عالم اسلام کے لیے مہلک ہے۔طالبان کو یہ سمجھنا ہوگا کہ بھارت ان کا دوست نہیں ہوسکتا۔ پاکستان اور افغانستان کے درمیان یہ کشیدگی کسی کے بھی مفاد میں نہیں ہے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ امریکہ نے غزہ میں کیے گئے جنگی جرائم سے توجہ ہٹانے کے لیے جنگ کا مرکز تبدیل کیا ہے۔ افغان قیادت کوئی ایسا راستہ اختیار نہ کرے، جس سے وہ عالم اسلام سے کٹ جائیں اور اسلام دشمن قوتوں کو اس کا فائدہ ہوا میر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے اس اہم اور نازک موقع پر قومی مشاورت سے گریز ناقابل فہم ہے، فوری طور پر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلایا جائے اور تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جائے۔انہوں نے زور دیا کہ اس صورت حال میں ضروری ہے کہ عالم اسلام کے جید علما ماضی کی طرح سامنے آئیں اور پاکستان و افغانستان کے درمیان جنگ کی آگ کو ٹھنڈا کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔چین، ترکی، قطر اور سعودی عرب گزشتہ عرصہ میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات کو معمول پر لانے کی کوشش کو ترک نہ کریں اور اس موقع پر از سرنو اپنا کردار ادا کریں۔امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ پاک سعودی عرب دفاعی معاہدہ اسرائیل کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ عالم اسلام کے درمیان اتحاد و اتفاق کی ہر کوشش کو زائل کرنا یہود و ہنود کے ایجنڈے کا حصہ ہے۔

بقیہ نمبر 26

منعقد ہوا۔اجلاس کے دوران متعلقہ شعبہ جات کی جانب سے سیکیورٹی اقدامات، انسداد دہشت گردی حکمت عملی، اسٹریٹ کرائمز، منشیات اور دیگر جرائم کے سدباب سے متعلق علیحدہ علیحدہ تفصیلی بریفنگز دی گئیں وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے واضح کیا کہ موجودہ حالات میں دہشت گردی انسانیت کے خلاف سب سے بڑا ہتھیار ہے اور ریاست کی رٹ کو ہرصورت برقرار رکھا جائے گا۔انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ جو عناصر قانون کو چیلنج کریں گے وہ اپنے انجام کو پہنچیں گے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبہ سندھ دہشت گردوں کے لیے کسی صورت محفوظ پناہ گاہ نہیں بننے دیا جائے گا۔انہوں نے ہدایت کی کہ صوبائی سطح پر تمام داخلی وخارجی راستوں پر متعلقہ اداروں کی مشترکہ چیک پوسٹس قائم کی جائیں جو ہمہ وقت الرٹ اور فعال رہیں۔ سیف سٹی منصوبے کے تحت کراچی میں جدید ڈرون سرویلنس کا آغاز جلد کیا جائے گا تاکہ نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ضیاء الحسن لنجار نے غیر قانونی سافٹ ویئر اور آن لائن غیر قانونی اسلحہ کی خرید وفروخت کے خلاف ایف آئی اے کو مزید متحرک ہونے کی ہدایت کرتے ہوئے آئندہ اجلاس میں پیش رفت رپورٹ طلب کرلی۔اسی طرح کباڑیوں اور چوری شدہ موبائل فونز کی خرید وفروخت میں ملوث عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید سخت کرنے اور جامع پروگریس رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ان کا کہنا تھا کہ ایسے عناصر کی سرپرستی سے جرائم کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے جسے ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی تارکین وطن، بالخصوص افغان باشندگان کے حوالے سے وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ جن افراد کے پاس قانونی دستاویزات یا اجازت نامے موجود نہیں، انہیں فوری طور پر قانون کے مطابق واپس بھیجا جائے۔ اس ضمن میں کسی قسم کی تاخیر یا عذر کو ناقابل قبول قرار دیا گیا۔مزید برآں، مسلح افواج کے نام سے منسوب اسکولز و کالجز کی اسکروٹنی کے لیے تمام ڈپٹی کمشنرز کو باقاعدہ مکتوب ارسال کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی۔آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ٹو اور فور وہیلرز کی چوری اور اسنیچنگ کے واقعات میں گزشتہ سال کی نسبت نمایاں کمی آئی ہے۔

بقیہ نمبر 27

کے دشمن کو واضح پیغام دے دیا ہے کہ ملکی سرزمین کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارت کی سرپرستی میں سرگرم عناصر خطے کا امن سبوتاژ کرنے کی کوشش کررہے ہیں، تاہم افواج پاکستان دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ افغان طالبان کی جانب سے پاکستان پر کسی بھی حملے کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے اور پاکستان اپنی خودمختاری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا۔سید عامر علی شاہ نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں پائیدار امن کا خواہاں ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملکی دفاع، خودمختاری اور سلیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہرممکن اقدام اٹھاتا رہے گا اور دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔

☆☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ